KHALID PUBLIC SCHOOL AND COLLOEGE HAROONABAD

SPEECH CLASS FIVE

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

محترم پرنسپل صاحب معزز اساتذہ کرام اور میرے عزیز ساتھیو !

السلام علیکم !

میری آج کی تقریر کا عنوان ہے،، قائداعظم محمد علی جناح،،

جناب صدر !

قائداعظم 25 دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم کراچی میں حاصل کی اور اعلی تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے وہاں سے بہت اچھے وکیل بن کر لوٹے۔۔ قائداعظم نے 1905ء میں کانگرس میں شمولیت اختیار کر لی لیکن جلد ہی آپ نے محسوس کیا کہ کانگرس جو ہندووں کی نمائندہ جماعت ہے اسے مسلمانوں کی بھلائی کا کوئی خیال نہیں ہے چناچہ کانگرس کے رویے سے بددل ہو کر آپ نے کانگرس کو چھوڑ دیا اور مسلم لیگ میں شامل ہوگئے اور پاکستان کے حصول کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔آپ کی دن رات کی کوششوں کی وجہ سے پاکستان 14 اگست 1947ء کو دنیا کے نقشے پر ظاہر ہوا۔

جناب صدر !

دن رات کی مسلسل محنت کی وجہ سے آپ کی صحت خراب ہو گئی اور 11 ستمبر 1948ء کو وفات پاگئے آپ کا مزار کراچی میں ہے۔آخر میں میری اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ تعالی آپ کو جوار رحمت میں جگہ دے (آمین)

یوں دی ہمیں آزادی کہ دنیا ہوئی حیران
اے قائداعظم تیرا احسان ہے احسان

والسلام شکریہ